سبق - 1

عقائد

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ” بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلىٰ خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ “۔

ترجمہ: ”اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (ا) اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں“۔

قرآن

سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کا ترجمہ کے ساتھ اعادہ کروایا جائے۔

حدیث

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ” أَحَبُّ الْبِلَادِ إِلَى اللهِ مَسَاجِدُهَا، وَأَبْغَضُ الْبِلَادِ إِلَى اللهِ أَسْوَاقُهَا “۔ (مسلم: ۶۷۱)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ جگہ مسجدیں ہیں اور سب سے ناپسند جگہ بازار ہے۔

دعا

” اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلىٰ ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ “۔ (ابو داود: ۱۵۲۲)

ترجمہ: اے اللہ ! آپ کا ذکر کرنے، آپ کا شکر کرنے اور بہتر طریقہ پر آپ کی عبادت کرنے میں میری مدد فرمایئے۔

سیرت رسول ﷺ

نبوت ملنے کے بعد ابتدائی دو سے تین سال تک رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں خفیہ طور پر ان ہی لوگوں کو دین کی دعوت دیتے رہے جن پر آپ کو اطمینان تھا۔ جب آپ ﷺ نے کھلم کھلا دین کی دعوت دینا شروع کی اور اس نئے دین کی جانب لوگ راغب ہونے لگے تو مکہ کے لوگوں نے آپ کو تکلیفیں دینے کا سلسلہ شروع کر دیا۔

اخلاق و آداب

مسجد میں داخل ہونے کے آداب:

1. اذان ہونے کے بعد جلد از جلد مسجد پہونچنے کی کوشش کریں۔
2. مسجد کو جانے سے پہلے اچھے کپڑے پہنیں اور اطمینان کے ساتھ مسجد کی طرف جائیں، بھاگتے ہوئے نہ جائیں۔
3. بدبودار چیز کھا کر مسجد میں نہ جائیں۔ اگر کھالیا ہو تو منہ اچھی طرح سے دھولیں تا کہ بدبو نہ آئے۔
4. مسجد میں دائیں پیر سے داخل ہوں۔